# ترجمانیٔ سورۂ فاتحہ

۱ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ۵

اٰیاتھا ۷ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ
وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ
☆☆☆ (آمین) ☆☆☆

1 نام سے اللہ کے میں کر رہا /رہی ہوں ابتدا
جو بڑا ہے رحم والا، مہرباں بے انتہا
2 حق تعالیٰ کے لیے زیبا ہے ہر حمد و ثنا
جو ہے سارے عالموں کا پالنے والا سدا
3 جو بڑا ہے رحم والا، مہرباں بے انتہا
4 آپ ہی ہے مالک و مختار روزِ حشر کا
5 صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم اے خدا
اَور تجھی سے مانگتے ہیں اپنی حاجت کی دعا
6 ہم کو اے اللہ ! سیدھی راہ تُو اپنی دکھا
7 راہ اُن کی جن پہ انعام و کرم تونے کیا
راستا اُن کا نہیں جن پر غضب تیرا ہوا
اَور نہ ہی اُن کا جنھوں نے اپنا رستا کھو دیا
(آمین)

( بے کس و مجبور ہم بندوں کی ہے یہ التجا
ہم پہ اپنی رحمتوں کے دَر خدایا ! کر دے وا)